سوال

(38) نماز باجماعت کس چیز سے حاصل ہوتی ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازی ، نماز باجماعت کے آخری تشہد میں ملے تو کیا اسے نماز اسے نماز باجماعت کا اجر ملے گا یا نہیں؟

ابراہیم ۔ س ۔ منطقہ الجنوب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر نمازی ایک رکعت پالے تو اسے نماز باجماعت کا ثواب ملے گا ۔ کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ :

((نحن أدرکَ رَکعةً فی الصّلاةِ فقد أدرَکَ الصَّلاَةَ ۔))

''جس نے نماز کی ایک رکعت پالی، گویا اس نے پوری نماز پالی ۔ ''

لیکن جب کوئی کسی عذر کی وجہ سے پیچھے رہ جائے جیسے مرض وغیرہ تو اسے پورین نماز کا ثواب ملے گا ۔ کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ :

((إذَا مرِضَ الرَّجُلُ أوسافرَکَتبَ اللّٰہُ لہ ماکان یَعملُ! وہُو صَحیحٌ مُقیمٌ ۔))

''جب کوئی شخص بیمار ہوجائے یا سفر اختیار کرے تو اللہ اس کا اتنا ہی عمل لکھ دیتا ہے جتنا وہ مقیم رہ کر تندرستی کی حالت میں کرتا تھا ۔ ''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ